آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظــــامت خــــوراک
ڈی -151سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے مالی سال 21-2020ء کے لئے مورخہ 11 جون 2020ء کے طلبیدہ ٹینڈرز کومجاز اتھارٹی کی جانب سے منسوخ کردیا گیا تھا۔جس کی وجہ سے مالی سال 21-2020 کے سالانہ ٹینڈرز ازسرنوطلب کئے جانے مطلوب ہیں۔اس لئے بذیل اسٹیشن ھاء پراجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 20-2019ء کے لئے پری کوالیفکیشن / رجسٹریشن / تجدید کروائی ہے،سے ازسرنومطبوعہ فارموں پر ازنرخ مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	از مقام	تا مقامات
1	بیس گودام میرپور	(بوقت ضرورت) صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔
2	پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال	ڈڈیال، کٹھاردلاورخان، سیاکھ، ناڑ، جرائی، گلپور، کوٹلی، ڈونگی، چوکی مونگ، اندرلہ کوٹیڑہ۔
3	منگلا فلور ملز میرپور	میرپور، جمید پور، منگلا ہملٹ، جاتلاں، کالا ڈب، چڑہوئی، سہار۔
4	صدیقی فلور ملز جاتلاں	بھمبر، سماھنی، پونا، کوٹ جیمل، ڈب سندوعہ، کڈھالہ، تھب پٹنی، درہال بازار، سیری، کھوئی رٹہ، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال (بوقت ضرورت)۔
5	نیو فائن فلور ملز میرپور	اسلام گڑھ۔
6	نیلم فلور ملز مظفرآباد	مظفرآباد اپراڈا، مظفرآباد دھنی سیداں، چکوٹھی عظیم خان/ چڑ کپورہ، گڑھی دوپٹہ، ہٹیاں، چناری/ چکوٹھی، کھلانہ، موہڑہ صادق، ریوند، لمنیاں/ ریشیاں، چکار، سلمیہ، نون بگلہ/ میرا خورد، رحیم کوٹ، کہوڑی، پتہکہ، کھڑائی (بلگراں)، دھنی، نوسیری، پنجکوٹ، باڑیاں، اٹھمقام، نگدر، لوات، دواریاں، دودنیال، شاردہ، سرگن، کیل، جانوائی، پھولاوائی، ہلمت، تاؤبٹ۔
7	اتفاق فلور ملز سہنسہ	سرساوہ، پنجیرہ، ٹاہلیان، نالیاں، قمروٹی / پنا گ گلی، فتح پور تھکیالہ، متھرانی، جندروٹ، موہڑہ، پوٹھی گلہ / کریلہ مجہان، گوئی، ہتہ پانی، پھگواڑی، دھنواں، سہڑہ، دھر بازار، منڈھول، چمبہ گلی۔
8	ڈپو گڑھی دوپٹہ	کائی منجہ، دچھور میراں، پٹھیالی۔
9	ڈپو ہٹیاں بالا	کھلانہ، گنڈی گراں، چھم نزد جیاں، گہل جبڑا، موہڑہ صادق، ریوند، منڈل، موجی۔
10	اٹھمقام/ کنڈل شاہی	کٹن، جاگراں/ گوریال، نگدر، لوات۔
11	کیل	کیل کالوٹ، کیل دومیل بالا۔

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زربیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نائب ناظم خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈرسربمہر لفافہ میں مورخہ 19 اگست 2020ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سٹلایٹ ٹاون راولپنڈی کوموصول ہونے چاہئیں، جواسی روز ٹینڈرز دہندگان یاان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 00-12 بجے دن کھولے جائینگے۔متذکرہ بالا مقامات کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔کامیاب ٹینڈرز دہندگان کوٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت (performance Gurantee) تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

شـــرائط:

1 - ٹھیکہ جات کیلئے ٹھیکیداران اپنی حدمالیت کے اندر رہتے ہوئے نرخ دینے کے اہل ہونگے۔اس سلسلہ میں مفصل شرائط ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2- ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گئے۔

3- محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دھندہ کی ذمہ داری ہوگی۔عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

4- متذکرہ بالا ٹھیکہ کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2021ء تک ہوگی۔تاہم اس ٹھیکہ میں توسیع صرف محکمانہ ضرورت کے مطابق ہی ممکن ہوسکے گی۔جس کے لئے ٹھیکیدار کوعلیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

5- ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

6- کامیاب ٹینڈر دھندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی۔

7- ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل / پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ انراخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

8- کامیاب ٹینڈر دھندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت جمع کروانا ہوگی۔ کارگزاری زرضمانت کی واگزاری / واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہی ہو سکے گی۔

9- افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کر دے۔

10- ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے نافذ کردہ قوانین کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دھندگان کی ذمہ داری ہوگی۔ ایکسل وائز لوڈ پر پابندی پر عمل درآمد ہونے یا نہ ہونے، ہر دو صورتوں میں ٹھیکیداران کو غلہ کی ڈھلائی مکمل کرنا ہوگی۔ اس لئے ٹینڈر دھندگان کو دونوں صورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انراخ پیش کرنا ہوں گے۔

نوٹ: **یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ** آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

21/7/20

(راجہ محمد نواز)
ناظم خوراک
فون نمبر 051-9290625